## ایم کیوایم لبرل اور جمہوریت پسند جماعت ہے جو مذہبی انتہاپسندی اور ہرقسم کی دہشت گردی کے خلاف ہے۔الطاف حسین
## ایسے منصفانہ نظام کے قیام کیلئے جدوجہد کررہے ہیں جس میں معاشرے کے تمام طبقوں کومساوی حقوق حاصل ہوسکیں
## امریکہ کے نیشنل پبلک ریڈیو کے مارننگ شو کوخصوصی اور تفصیلی انٹرویو۔انٹرویودو گھنٹے سے زائد دورانیہ کا تھا
## ریڈیو کے نمائندوں نے الطاف حسین سے دہشت گردی کے خلاف عالمی جنگ، پاکستان کی موجودہ سیاسی ومعاشی صورتحال،
## ملک میں عدلیہ کے بحران اور مختلف اہم قومی وبین الاقوامی امور کے بارے میں مختلف سوالات کئے

لندن۔۔۔۔24مئی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ ایک لبرل اور جمہوریت پسند جماعت ہے جو مذہبی انتہاپسندی اور ہرقسم کی دہشت گردی کے خلاف ہے اور وہ پاکستان میں ایسے منصفانہ نظام کے قیام کیلئے جدوجہد کررہی ہے جس میں معاشرے کے تمام طبقوں کومساوی حقوق حاصل ہوسکیں اورعوام کے ساتھ رنگ،نسل،زبان،جنس یا مذہب کی بنیاد پرکوئی ناانصافی نہ کی جائے۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں امریکہ کے مقبول ریڈیو''نیشنل پبلک ریڈیو''این پی آر کے مارننگ شو کے میزبان اسٹیوانسکیپ (Steve Inskeep) اورریڈیو کی سپروائزنگ پروڈیوسرٹریسی واہل(Tracy Wahl) کوایک خصوصی اور تفصیلی انٹرویو میں کہی۔یہ انٹرویودو گھنٹے سے زائد دورانیہ کا تھا جس میں ریڈیو کے نمائندوں نے جناب الطاف حسین سے دہشت گردی کے خلاف عالمی جنگ، پاکستان کی موجودہ سیاسی ومعاشی صورتحال،ملک میں عدلیہ کے بحران اور مختلف اہم قومی وبین الاقوامی امور کے بارے میں مختلف سوالات کئے۔جناب الطاف حسین نے امریکی ریڈیو کے نمائندوں کواہم قومی وسیاسی امور کے بارے میں ایم کیوایم کے مؤقف اورایم کیوایم کی پولیٹیکل آئیڈیالوجی اور منشور کوتفصیل سے بیان کیا۔امریکی ریڈیو کے میزبان نے کراچی کو دنیا کے ترقیاتی یافتہ شہروں کی صفوں میں لانے کیلئے کراچی میں ایم کیوایم کی سٹی گورنمنٹ کی جانب سے کئے جانے والے بڑے ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں بھی مختلف سوالات کئے۔جناب الطاف حسین نے ریڈیو کے نمائندوں کوسٹی گورنمنٹ اورایم کیوایم کے منتخب نمائندوں کی جانب سے کئے جانے والے ترقیاتی کاموں اورعوام کو بنیادی سہولتوں کی بلاامتیاز فراہمی کے سلسلے میں کی جانے والی کوششوں کی تفصیلات سے بھی آگاہ کیا۔ممتاز امریکی ریڈیو کے نمائندوں نے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے مختلف شعبوں کا بھی دورہ کیا اوروہاں کام کرنے والے ارکان سے ملاقات کی اوران شعبوں میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔

## روزنامہ جنگ راولپنڈی کے ایڈیٹر راعنا طاہر محمود سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔24مئی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے روزنامہ جنگ راولپنڈی کے ایڈیٹر راعنا طاہر محمود کی اہلیہ عذار پروین کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفر دوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔آمین

## اخبارات میں من گھڑت خبریں شائع کی جارہی ہیں عوام کان نہ دھریں، ہم کسی کو بے دخل نہیں کریں گے
## حکومت آئینی طور پر چھت فراہم کرنے کی پابند ہے۔
## وفاقی وزیر رحمت اللہ کاکڑ کا مارٹن و جمشید کوارٹرز میں عوامی اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔24مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی دعوت پر وفاقی وزیرِ ہاؤسنگ تعمیرات رحمت کاکڑ نے کراچی کے علاقے پاکستان کوارٹرز و مارٹن کوارٹرز اور جہانگیر کوارٹرز کا دورہ کیا اور علاقے کے مکینوں سے ملاقات کی اس موقع پر ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے رحمت اللہ کاکڑ نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح یہ ہے کہ وہ غریب عوام کو سر چھپانے کی سستی جگہ فراہم کرے اور ہم غریب عوام کے سر سے چھت چھیننے کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔ وفاقی وزیر جب پنڈال میں تشریف لائے تو ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سینیٹر بابر غوری، حق پرست صوبائی وزیر ڈاکٹر صغیر احمد اور مکینوں نے ان کا زبردست استقبال کیا اور ان پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں۔ اس موقع پر وفاقی وزیر نے علاقے کے مکینوں کو یقین دلایا کہ آپ کے بنیادی حقوق کا تحفظ کرتے ہوئے آپ کو مالکانہ حقوق جلد فراہم کئے جائیں گے اور آپ کو آپ کے گھر سے کوئی بے دخل نہیں کرسکتا وفاقی وزیر نے کہا کہ اخبارات میں من گھڑت خبریں شائع کی جارہی ہیں عوام کو اس منفی پروپیگنڈے پر کان دھرنے کی ضرورت نہیں حکومت آئینی طور پر پابند ہے کہ وہ بے گھر شہریوں کو گھر فراہم کرے چادر اور چار دیواری کے تحفظ کو یقینی بنائے نہ کہ کسی بسے بسائے گھر کو اجاڑ دے یا ان کے سر سے چھت چھیننے اور انہیں بے گھر کرے اس موقع پر متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سینیٹر بابر غوری نے کہا کہ ہم رحمت اللہ کاکڑ صاحب کے شکر گزار ہیں کہ وہ ہماری دعوت پر یہاں تشریف لائے اور یہاں کے مسائل کا خود جائزہ لیا اور اس کے حل کا یقین دلایا ہم متحدہ قومی موومنٹ اور علاقے کے مکینوں کی جانب سے رحمت اللہ کاکڑ صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

## صوبائی وزیر امیر نواب کی جانب سے سیسی سے سو سے زائد ملازمین کی برطرفی معاشی قتل ہے، لیبر ڈویژن ایم کیوایم

کراچی۔۔۔23 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کی سینٹر کوآرڈی نیشن کمیٹی نے صوبائی وزیر امیر نواب کی جانب سے سوشل سیکورٹی سے 100 سے زائد ایڈہاک ملازمین کو برطرف کرنے کے فیصلہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ ملازمین کی برطرفی کے احکامات فی الفور واپس لئے جائیں۔ اپنے مشترکہ بیان میں کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ ملک میں بیروزگاری کا ایک طوفان آیا ہوا ہے، مہنگائی اپنی آخری حدوں کو چھو رہی ہے، غریب آدمی کا زندہ رہنا محال ہوگیا ہے اور ایسی صورتحال میں بیروزگار افراد کو زیادہ سے زیادہ ملازمتیں فراہم کی جاتی لیکن اس کے برعکس انہیں بیروزگار کرنے کے ظالمانہ اقدامات کے جارہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی وزیر امیر نواب نے سوشل سیکورٹی سے 100 سے زائد ملازمین کو یک جنبش قلم برطرف کرکے انہیں بیروزگاری کی دلدل میں دھکیل دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک بالخصوص صوبہ سندھ میں پیار، محبت اور امن کو فروغ دے رہی ہے مگر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ چند قوتیں جن کو اس صوبہ اور ملک کا امن عزیز نہیں ہے اس طرح کے اقدامات کرکے عوام کو مشتعل کرکے سڑکوں پر لانا چاہ رہی ہیں۔ لیبر ڈویژن کی کمیٹی نے وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی سے مطالبہ کیا کہ صوبائی وزیر امیر نواب کی جانب سے ملازمین کو برطرف کرنے کا فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے بصورت دیگر ادارے کے ملازمین اس فیصلہ کے خلاف آئینی اور قانونی احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

## ایم کیوایم سانگھڑ زون کے کارکن عبدالرزاق خانزادہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔24مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سانگھڑ زون سرہادی یونٹ کے کارکن عبدالرزاق خانزادہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے عبدالرزاق خانزادہ مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکن آپ کے غم میں شریک ہیں اوردکھ کی اس گھڑی میں آپ کے ساتھ ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عبدالرزاق خانزادہ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطافرمائے اورسوگواران صبرجمیل کی توفیق دے۔(آمین)

## ایم کیوایم سانگھڑ زون کے کارکن عبدالرزاق کے انتقال پر اظہار افسوس

کراچی۔۔24مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے ایم کیوایم سانگھڑ زون کے کارکن عبدالرزاق خانزادہ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگوارن کوصبرجمیل کی توفیق دے۔(آمین)

## سانگھڑ زون سرہادی یونٹ کے کارکن عبدالرزاق خانزادہ انتقال کرگئے،نمازجنازہ اورتدفین میں ایم کیوایم کے رہنماؤں کی شرکت،رابطہ کمیٹی اوراندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔24مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ سانگھڑ زون سرہادی یونٹ کے کارکن عبدالرزاق خانزادہ طویل علالت کے بعد انتقال کرگئے (انااللہ وانا الیہ راجعون) مرحوم کی عمر 60 برس تھی اوروہ عرصہ دارز سے جگر کے عارضے میں مبتلا تھے،مرحوم نے سوگواران میں ایک بیوہ اورایک بیٹی چھوڑی ہے۔عبدالرزاق خانزادہ مرحوم قائد تحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت ومحبت رکھتے تھے اوراپنی بیماری کے باوجود تنظیمی کاموں میں بھرپورحصہ لیتے تھے۔دریں اثنا عبدالرزاق خانزدہ مرحوم کو بعدنمازعصر سانگھڑ خانزادہ محلّہ کے مقامی قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا،مرحوم کی نمازجنازہ اورتدفین میں ایم کیوایم سانگھڑ زون کے انچارج واراکین زونل کمیٹی،علاقائی سیکٹرز ویونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اورمرحوم کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔علاوہ ازیں ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی اورایم کیوایم سانگھڑ زون کے ارکان وکارکنان نے عبدالرزاق خانزادہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اورسوگواران کیلئے صبروجمیل کیلئے دعا کی۔

☆☆☆☆☆